تقریظ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمدللہ رب العالمین و الصلاۃ و السلام علی أشرف المرسلین محمد و علی آلہ و أصحابہ أجمعین؛ أمابعد!

برادر مکرم جناب مولانا محمد اسامہ شمیم الندوی (حفظہ اللہ) نے مجھے فرمایا کہ وہ ''فتاویٰ علماءِ ہند'' کے نام سے ایک ایسی کتاب کی نگرانی فرمارہے ہیں، جس میں پچھلے دوسو سال کے دوران ہندوستان، پاکستان کے علما اور اہل افتا حضرات کی طرف سے فتاویٰ کے جتنے مجموعے شائع ہوئے ہیں، ان کو یکجا جمع کیا جارہا ہے، چنانچہ پندرہ فتاویٰ کے مجموعے مکمل طور سے اس کتاب میں شامل کئے جارہے ہیں، ساتھ ہی انہوں نے یہ بھی بتایا کہ ان فتاویٰ کی ترتیب، تخریج وتعلیق کا کام مولانا مفتی انیس الرحمٰن قاسمی صاحب مدظلہم (ناظم امارت شرعیہ) کے ذریعے ہورہا ہے۔ اب انہوں نے اس کام کی جلد اول ای میل کے ذریعے مجھے بھیجی ہے، اس کتاب سے بتمام وکمال تو فائدہ اٹھانے سے معذور تھا؛ لیکن جو فتاویٰ جمع کئے گئے ہیں، وہ سب ہندوستان کے مستند اور معتمد مفتی حضرات کے فتاوی ہیں۔

امید ہے کہ ان شاء اللہ یہ مجموعہ نافع ہوگا۔ اللہ تعالیٰ اس خدمت کو قبول فرمائے اور علما اور عام مسلمانوں کو اس سے استفادے کی توفیق عطا فرمائے۔۔۔۔۔۔۔۔ (آمین)

Usmani.png not found.

بندہ محمد تقی عثمانی